12-09-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کو عہدہ کا حلف دلایا۔

۲۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے گوداوری پشکرم کے تناظر میں گوداوری کے کناروں پر مستقل گھاٹوں کی تعمیر کرنے کی حکام کو ہدایت دی۔

۳۔ سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ ایس سی سی ایل ورکروں کے مفادات اور کمپنی کے مستقبل کو پیش نظر رکھتے ہوئے مجوزہ کانکنی کی نیلامی کے عمل میں حصہ لے گی۔

اور

۴۔ ریاستی وزیر پسماندہ طبقات اے لکشمن نے کہا کہ محکمہ ٹرائبل ویلفیر کے 11 کروڑ روپے کے بقایا جات ادا کئے گئے ہیں۔

VP-OATH

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن کو عہدہ کا حلف دلایا۔ اِس تقریب میں وزیراعظم نریندر مودی، سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند، سابق نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر، مرکزی وزراء امیت شاہ، راج ناتھ سنگھ، جے پی نڈا، پیوش گوئل اور نتن گڈکری موجود تھے۔ اس مہینہ کی 9 تاریخ کو منعقدہ نائب صدارتی انتخاب میں رادھا کرشنن نے 452 ووٹس حاصل کرتے ہوئے انڈیا بلاک کے امیدوار و سپریم کورٹ کے سابق جج بی سدرشن ریڈی کو 152 ووٹوں سے شکست دی تھی۔

ASIA CUP

دبئ انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں آج کھیلے جانے والے ایشیاء کپ کے گروپ اے کے ایک اہم مقابلہ میں ٹورنمنٹ میں پہلی مرتبہ حصہ لے رہی عمان ٹیم کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔ پاکستان کامیابی کے ساتھ اس ٹورنمنٹ کا آغاز کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ وہیں عمان کی ٹیم ایشیاء کپ کے اپنے پہلے مقابلہ میں جیت حاصل کرکے اسے یادگار بنانے کی خواہاں ہے۔ ہندوستان اور پاکستان کے بیچ اتوار کے روز مقابلہ ہوگا۔

CM - RAINS

ریاست اورشہر حیدرآباد میں بارش کے تناظر میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے تمام محکموں کے عہدیداروں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ قدیم یا بوسیدہ مکانات کی نشاندہی کرتے ہوئے ان گھروں میں رہنے والے افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ نے ہائیڈرا، جی ایچ ایم سی، ایس ڈی آر ایف، محکمہ فائر، ٹرافک اور پولیس ڈپارٹمنٹ سے کہا کہ وہ آپسی تال میل کے ساتھ کام کرتے ہوئے عوام کی سلامتی کو یقینی بنائے اور کسی ناخوشگوار واقعہ کی روک تھام میں اپنا رول ادا کرے۔ ریونت ریڈی نے نشیبی علاقوں اور پلوں کے نیچے بہہ رہے پانی کے بہاؤ پر بھی نظر رکھنے کی حکام کو ہدایت دی۔

POSTPONED:

پسماندہ طبقات کو 42 فیصد ریزرویشن کی منظور کا جشن منانے کے لئے کانگریس پارٹی کی جانب سے 15 ستمبر کو کاماریڈی میں طئے شدہ عوامی اجلاس کو بارش کی پیش قیاسی کے بعد ملتوی کردیا گیا ہے۔ کانگریس کے اعلیٰ قیادت پارٹی صدر ملکارجن کھرگے، سینئر لیڈران راہول گاندھی، پرینکا گاندھی، کرناٹک کے وزیر اعلیٰ سدارامیا اس اجلاس میں شرکت کرنے والے تھے۔ کانگریس پارٹی کے ذرائع نے بتایا کہ اِس اجلاس عام کو بعد میں کسی اور دن منعقد کیا جائے گا۔

PUSHKARAM

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے گوداوری پشکرم کے تناظر میں گوداوری کے کناروں پر مستقل گھاٹوں کی تعمیر کرنے کی حکام کو ہدایت دی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مندروں والے گھاٹوں کو ترجیح دی جائے۔ وزیراعلیٰ نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ باسر سے بھدراچلم تک گوداوری دریا کے کنارے پر موجود مندروں کا دورہ کریں اور گھاٹوں کیلئے موزوں علاقوں کی نشاندہی کرے۔ وزیراعلیٰ چاہتے ہیں کہ عہدیداران مختلف مندروں جیسے باسر، کالیشورم، دھرماپوری، بھدراچلم کا دورہ کریں اور ایک فہرست تیار کریں جہاں پر سدھار کی ضرورت ہو۔ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ موجودہ گھاٹوں کی توسیع کے علاوہ وہاں پر سڑکوں اور بنیادی سہولیات کی فراہم کو یقینی بنانے کے لئے منصوبہ بندی کی جائے۔

OSMANSAGAR

عثمان ساگر ذخیرہ آب اپنی مکمل حد تک پہنچ گیا ہے۔ عثمان ساگر کے چھ دروازے کھولتے ہوئے موسیٰ ندی میں 2562 کیوزک پانی چھوڑا جارہا ہے۔ وہیں عثمان ساگر میں تقریباً 2 ہزار کیوزک پانی کا اضافہ ہورہا ہے۔ اسی کے ساتھ ہی موسیٰ ندی میں بھی پانی کی سطح بڑھ گئی ہے۔ نارسنگی اور منچی ریولہ کے بیچ پل پر پانی کا بہاؤ بڑھ گیا ہے۔ اسی وجہ سے عہدیداروں نے احتیاط کے طور پر اس روٹ کو لوگوں کیلئے بند کردیا ہے۔ موسیٰ ندی کے آس پاس رہنے والے نشیبی علاقوں کے لوگوں کو بھی چوکس کردیا گیا ہے۔

PROTEST

ریاستی حکومت کی جانب سے فیس ری ایمبرسمنٹ کے بقایاجات کے اجرائ میں تاخیر کے خلاف خانگی پروفیشنل کالجس بشمول انجینئرنگ اور فارمیسی اداروں نے 15 ستمبر سے غیر معینہ مدت کیلئے بند کا اعلان کیا ہے۔ فیڈریشن آف اسوسی ایشنس آف تلنگانہ ہائر ایجوکیشن نے آج حیدرآباد میں تلنگانہ کونسل آف ہائرایجوکیشن کے چیرمین پروفیسر وی بالاکرشنا ریڈی کو ایک نوٹس حوالہ کیا ہے۔ فیڈریشن نے مطالبہ کیا

ہے کہ حکومت زیر التوا فیس ری ایمبر سمنٹ کے 8 ہزار کروڑ روپے کے بقایا جات فوری طور پر جاری کریں۔ فیڈریشن نے بجٹ میں مختص کردہ پہلے سے طئے شدہ ٹوکنس کیلئے بھی 1200 کروڑ روپے جاری کرنے کی مانگ کی۔ فیڈریشن کے چیرمین رمیش نے مطالبہ کیا کہ حکومت پہلے سے جاری کردہ ٹوکنس کیلئے 18 ستمبر تک رقم جاری کردے۔

FACT CHECK

حکومت نے پی ایم مدرا یوجنا کی منظوری کے مکتوب کے طور پر سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے ایک فرضی مکتوب کو مسترد کردیا ہے۔ مذکورہ فرضی مکتوب میں اس بات کا وعدہ کیا گیا ہے کہ 36 ہزار 500 روپے کی لیگل انشورنس چارج جس کی ادائیگی پر پی ایم مدرا یوجنا کے تحت تین لاکھ روپے کا قرض منظور کیا جائے گا۔ پریس انفارمیشن بیورو کی فیکٹ چیک یونٹ نے اِس دعوی کو فرضی قرار دیا ہے۔

ADLURI

ریاستی وزیر برائے بہبود ایس سی ایس ٹی و اقلیتی امور اے لکشمن کمار نے اعلان کیا کہ ریاستی حکومت نے ٹرائبل و سوشل ویلفیر محکموں کے عملہ کی ادائیگیوں اور واجب الادا رقم کیلئے 24 کروڑ روپے جاری کئے ہیں۔ اس کے علاوہ طلبہ کیلئے نئے اقدامات بھی شروع کئے گئے ہیں۔ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر سکریٹریٹ میں آج ایک پریس کانفرنس کرتے ہوئے ریاستی وزیر نے کہا کہ سابق حکومت کی لاپرواہیوں کی اصلاح کرتے ہوئے محکمہ ٹرائبل ویلفیر کے 11 کروڑ روپے کے بقایا جات کلیئر کئے گئے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ویلفیر ہاسٹلس کیلئے ساویا ساچی گھوش کو خصوصی سکریٹری نامزد کرتے ہوئے طلبہ اور ملازمین کے مسائل کو فوری طور پر حل کیا ہے۔ لکشمن کمار نے بتایا کہ حکومت نے ٹی جی ڈبلیو آر ای آئی سوسائٹی کیلئے جولائی اور اگست کی تنخواہوں اور دیگر واجب الادا ادائیگیوں کیلئے فنڈ جاری کئے ہیں۔

VIVEK

ریاستی وزیر محنت و کانکنی ڈاکٹر وویک وینکٹا سوامی نے اس بات پر زور دیا کہ تجارت اور کاروبار میں خواتین کو بااختیار بنانے کی ضرورت ہے تا کہ ملک کی جی ڈی پی میں وہ بھی اپنا رول ادا کرسکے۔ ریاستی وزیر آج ٹیک مہندرا ہائی ٹیک سٹی میں منعقدہ ایک پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ اِس موقع پر انھوں نے سی آئی آئی کی جانب سے خاتون کاروباریوں کی حوصلہ افزائی کرنے کی ستائش کی اور کہا کہ ریاستی حکومت اندرامہیلاشکتی اسکیم کے ذریعہ خواتین کیلئے کام کررہی ہے۔ ریاستی وزیر نے خواتین پر زور دیا کہ وہ تجارتی شعبہ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ انھوں نے کہا کہ مستقل مزاجی اور ہمہ جہت صلاحیتوں کے ساتھ وہ تجارتی شعبہ میں آگے بڑھ سکتی ہیں۔

WEATHER

ریاست کے مختلف اضلاع عادل آباد، کمرم بھیم آصف آباد، بھدرادری کوتہ گوڑم، کھمم، سوریہ پیٹ، محبوب آباد کے کئی مقامات پر شدید سے شدید تر بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ ان اضلاع کیلئے آرینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ریاست کے دیگر اضلاع منچریال، نرمل، نظام آباد، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، جئے شنکر بھوپال پلی، ملگ، نلگنڈہ، ورنگل، ہنمکنڈہ، رنگاریڈی، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی، ناگرکرنول میں بھی ایلوالرٹ جاری کیا گیا ہے اوران اضلاع میں بھاری بارش کا امکان ہے۔

GHMC

گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن نے شہر کی تاریخی اہمیت کی حامل 12 عمارتوں اور ڈھانچوں کے تحفظ اوران کی ترقی کیلئے منصوبہ بنایا ہے۔ ان ڈھانچوں میں پرانا پل دروازہ، شمشیر کوٹھا گولکنڈہ، سررونالڈ روس بلڈنگ، فیور ہاسپٹل سکندرآباد اور اولڈ گن فاؤنڈری شامل ہے۔ اس پروجیکٹ کے تحت مذکورہ عمارتوں کے تحفظ اوران کی تزئین پر توجہ دی جائے گی۔

SCCL

نائب وزیراعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے اعلان کیا کہ سنگارینی کالریز کمپنی لمیٹڈ ایس سی سی ایل ورکروں کے مفادات اور کمپنی کے مستقبل کو پیش نظر رکھتے ہوئے مجوزہ کانکنی کی نیلامی کے عمل میں حصہ لے گی۔ سکریٹریٹ میں آج ایس سی سی ایل کے سی ایم ڈی بلرام نائک کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس کرتے ہوئے نائب وزیراعلیٰ نے کہا کہ کمپنی کو حالیہ برسوں میں خسارہ ہوا تھا کیونکہ اس نے کوئلہ کے بلاک کی نیلامی میں حصہ نہیں لیا تھا۔

Sound Byte.

بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ سنگارینی نے حال ہی میں کرناٹک کے رائچور ضلع میں دیوادرگا میں نیلامی کے عمل میں حصہ لیتے ہوئے سونے اور تانبہ کی کانکنی کا کنٹراکٹ حاصل ہوا تھا۔انہوں نے کہا کہ اس سے کمپنی کو 37.5 فیصد ریالٹی شیئر حاصل ہوا۔نائب وزیراعلیٰ نے مزید کہا کہ سنگارینی دیگر اہم معدنیات کی بولی کے عمل میں حصہ لینے کے امکانات تلاش کررہی ہے۔اس ضمن میں ایک مشاورتی کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔بھٹی وکرامارکہ نے کہا کہ کمپنی گرین انرجی اور گرین ہائیڈروجن شعبوں کو بھی اہمیت دے رہی ہے۔

OO